جبری شادی

SAFETY, TRUST AND RESPECT
DIOGELWCH, YMDDIRIED A PHARCH

جب لوگ ایک دوسرے سے پیار کرتے ہیں تو ممکن ہے کہ وہ شادی کرنے کا انتخاب کریں۔ کسی بھی شادی میں دونوں پارٹنرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ شادی کرنا چاہتے ہوں اور راضی ہوں۔

کسی کو بھی کسی ایسے شخص سے شادی کرنے پر مجبور نہیں کرنا چاہیے جس کے ساتھ وہ نہ کرنا چاہتے ہوں۔ یہ غلط ہے اور یہ قانون کے خلاف ہے۔

بہت سی وجوہات ہیں جن کی بنا پر گھروالے اپنے بچوں کو شادی کرنے پر مجبور کرتے ہیں، جن میں شامل ہیں؛ مذہب یا ثقافتی روایات؛ خاندان میں ساکھ اور غیرت کے بارے میں خدشات؛ پیسہ؛ اپنے بچے کا لزبین، گے یا بائی سیکشول ہونا ناپسند کرنا؛ نہ چاہنا کہ اُن کے بچے ریلشن شپ میں ہوں یا جنسی تعلقات قائم کریں؛ اور کمیونٹی یا خاندان کے دیگر اراکان کا پریشر۔ ممکن ہے کہ اُنہیں یہ بھی یقین ہو کہ یہ آپ کے لیے سب سے اچھا ہے۔

اِن میں سے کوئی بھی وجہ ٹھیک نہیں ہے۔

ارینجڈ میرج

جب بچے شادی کی عمر کو پہنچ جائیں تو دونوں خاندانوں کی جانب سے والدین بچوں کی شادی کا بندوبست کرتے ہیں۔ اگر دونوں پارٹنرز ایک دوسرے سے شادی کرنا چاہیں اور شادی پر رضامند ہوں تو یہ ٹھیک ہے۔

جی ہاں، میں تیار ہوں!
(شادی کرنا چاہتا/چاہتی ہوں)

جبری شادی

یہ الگ معاملہ/بات ہے۔ یہ وہاں ہوتا ہے جب ایک یا دونوں پارٹنرز کو شادی کرنے پر مجبور کردیا جائے جبکہ وہ شادی نہ کرنا چاہتے ہوں۔ ارینجڈ میرج زبردستی کی شادی میں بدل سکتی ہے جب آپ کے والدین **آپ کے 'نہ' کہنے کے حق** کا احترام نہ کریں۔

وہ شادی بھی 'جبری' ہے جب پارٹنرز میں سے ایک رضامندی کے اظہار کی قابلیت نہ رکھتا ہو۔
(مثلا 16 سال سے کم عمر بچہ یا لرننگ ڈس ایبلٹی کا حامل کوئی بالغ فرد)۔

میرے پاس اور کوئی چارہ نہیں ہے

ممکن ہے کہ آپ کو اپنے والدین سے محبت ہو لیکن آپ زبردستی شادی کرنے پر مجبور کیے جانے پر ناراض، نروس اور پریشان بھی ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ اُنہوں نے آپ سے کہا ہو کہ اگر آپ شادی نہیں کریں گے تو آپ خاندان کے لیے باعث شرمندگی بنیں گے۔ ممکن ہے کہ اُنہوں نے یہاں تک بھی کہہ دیا ہو کہ وہ آپ سے قطع تعلق کرلیں گے یا تشدد کرنے کی دھمکی دی ہو۔

یہ استحصال ہے۔

کیا آپ متفکر ہیں کہ آپ کو کسی سے شادی کرنے پر مجبور کیا جانے والا ہے؟ ؟

آپ کو لگتا ہے کہ ایک ایسی شادی میں پھنس گئے ہیں جس کا انتخاب آپ نے نہیں کیا تھا؟

آپ مدد حاصل کرسکتے ہیں!



این ایس پی سی سی چائلڈ لائن - **0800 11 11** - 1-2-1 چیٹ **یہاں**۔
بی اے ایس ڈبلیو او - 0800 731 8147 - ویلز میں بی ایم ای لوگوں کے لیے معلومات، مشورہ اور سپورٹ۔
لیو فیئر فری - 0808 80 10 800 (فون) - 0786 00 77 333 (ٹیکسٹ) - لائیو چیٹ
فورسڈ میرج یونٹ - 020 7008 0151 - fmu@fco.gov.uk - ویب سائٹ کا لنک **یہاں** ہے۔
کرما نروانا - **0800 5999 247** - ویب سائٹ کا لنک **یہاں** ہے۔

اگر آپ کو لگے کہ آپ کی زندگی کو خطرہ ہے تو 999 پر کال کریں۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ کو زبردستی کی شادی کرنے کے لیے ملک سے باہر لے جایا جارہا ہے تو فورسڈ میرج یونٹ یا چائلڈ لائن سے رابطہ کریں۔

یوکے میں اگر آپ 16 سال سے کم عمر ہیں اور آپ پر شادی کے لیے پریشر ڈالا جارہا ہے تو یہ چائلڈ میرج ہے اور یہ غیر قانونی ہے۔

Live Fear Free Helpline
Llinell Gymorth Byw Heb Ofn
0808 80 10 800

Cymorth i Ferched Cymru
Welsh Women's Aid